© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۴۳)

☆ صدر ادارہ و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی تصانیف کو الحمدللہ علمی و دینی حلقوں میں مقبولیت حاصل ہے۔ حال میں موصوف کی جن کتابوں کے نئے ایڈیشن منظر عام پر آئے ہیں وہ یہ ہیں: اسلام میں خدمتِ خلق کا تصور، دعوت و تربیت۔ اسلام کا نقطۂ نظر، اسلام اور انسانی حقوق، کیا اسلام سے بہتر کوئی دعوت ہو سکتی ہے؟

☆ مولانا عمری کی تصانیف کا دیگر زبانوں میں برابر ترجمہ ہو رہا ہے۔ حال میں جن کتابوں کا ہندی ترجمہ شائع ہوا ہے وہ یہ ہے: اسلام اور اس کا پیغام، صفحات ۳۲، قیمت -/۱۵ روپے، بچے اور اسلام، صفحات: ۱۶، قیمت -/۸ روپے، مانو سیوا- اسلام کی نظر میں، صفحات: ۲۴، قیمت -/۱۲ روپے۔ موخر الذکر کتاب اس سے قبل تلگو اور مراٹھی میں بھی شائع ہو چکی ہے۔ 'انسان اور اس کے مسائل' کا ترجمہ انگریزی، ہندی اور بعض دیگر زبانوں میں ہو چکا ہے۔ اب کنڑ میں اس کا ترجمہ سامنے آیا ہے۔

☆ معاون مدیر مجلّہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے ایک مضمون بہ عنوان 'قرآن سے غفلت' کو پاکستان کے مشہور اشاعتی ادارہ 'منشورات' لاہور نے بڑے پیمانے پر عام کرنے کے مقصد سے کتابچہ کی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ صفحات: ۸۔ اسی طرح 'قرآن کریم کا سائنسی اعجاز' کے عنوان سے انھوں نے عربی کے ایک مضمون کا ترجمہ کیا تھا۔ یہ تحقیقات اسلامی اکتوبر-دسمبر ۲۰۱۰ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اب اسے اسلامک بک فاؤنڈیشن نئی دہلی نے کتابچہ کی شکل میں شائع کیا ہے۔ صفحات: ۳۲، قیمت ۲۰ روپے۔

☆ انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹیو اسٹڈیز نئی دہلی کے علی گڑھ چیپٹر اور شعبۂ دینیات (سنّی) مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کے اشتراک سے Peace and Progress: Role of Religion کے عنوان سے علی گڑھ میں ۱۱-۱۲/ فروری ۲۰۱۲ء کو قومی سمینار منعقد ہوا۔ ڈاکٹر ندوی نے اس میں شرکت کی اور 'عام تباہی کے اسلحوں کا استعمال: اسلام کا نقطۂ نظر' کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔

☆ رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے ادارہ کے منصوبہ کے تحت 'اسلام کی امتیازی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خصوصیات‘ کے عنوان سے کتاب تیار کی تھی۔ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے اس کی اشاعت عمل میں آئی ہے۔ صفحات: ۲۱۲، قیمت -/۱۰۰ روپے

☆ ادارۂ تحقیق میں ایک نئے محقق ڈاکٹر صادق اختر ندوی کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ موصوف نے مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ سے عربی زبان وادب میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے اور اسلامیات کا بھی اچھا ذوق رکھتے ہیں۔ وہ ’مسلم سماج میں رسم و رواج اور اسلامی تعلیمات‘ کے موضوع پر کام کر رہے ہیں۔

☆ ادارہ کے توسیعی خطبات پروگرام کے تحت ۲۲/ جنوری ۲۰۱۱ء کو علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کے ناظم دینیات ڈاکٹر مفتی محمد زاہد علی خاں نے ’عالمی مذاہب کے مابین مکالمہ‘ کے موضوع پر توسیعی خطبہ پیش کیا۔ پروگرام کی صدارت جماعت اسلامی ہند کے سابق امیر اور ادارہ کی مجلس منتظمہ کے رکن پروفیسر محمد عبدالحق انصاری نے کی۔ مسلم یونی ورسٹی کے طلبہ واساتذہ کے علاوہ دیگر علم دوست حضرات نے شرکت کی۔

☆ ادارہ کی مجلس منتظمہ کے اجلاس منعقدہ ۱۹/ جنوری ۲۰۱۲ء میں نئی میقات کے لیے ذمہ داران کا انتخاب عمل میں آیا۔ چنانچہ اتفاق رائے سے مولانا سید جلال الدین عمری کو صدر، پروفیسر کے-اے- صدیق حسن کو نائب صدر، ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی کو سکریٹری اور ڈاکٹر محمد رفعت کو خازن منتخب کیا گیا۔

☆ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی نے متحدہ عرب امارات کا دس روزہ (۲۲/ فروری تا ۳/ مارچ ۲۰۱۲ء) دورہ کیا۔ اس دورہ میں انھوں نے ادارہ کے بہی خواہوں سے ملاقات کی اور اس کی علمی سرگرمیوں کا تعارف کرایا۔

☆ تحقیقات اسلامی کی ویب سائٹ www.tahqeeqat.net کے نام سے کام کر رہی ہے۔ اس پر مجلّہ کے تمام شمارے اپ لوڈ ہیں۔ اب تک تقریباً اٹھارہ ہزار افراد نے اس سے استفادہ کیا ہے۔ ویب ماسٹر جناب محمد عرفان (جدہ) نے ۲۰۱۲ء کے اوائل سے اس کی نئی ڈیزائننگ کی ہے، جس سے اس کی پیش کش مزید دیدہ زیب ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com